SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ 2009
SINDH ACT NO. X OF 2009
شوگر فیکٹریز کنٹرول (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۹
THE SUGAR FACTORIES CONTROL (SINDH AMENDMENT) ACT, 2009
(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعات 3 اور 4 کی تبدیلی
Substitution of sections 3 and 4 of Act XXII of 1950
۳. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعات 6-A کی تبدیلی
Substitution of section 6-A of Act XXII of 1950
۴. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 14-A کی تبدیلی
Substitution of section 14-A of Act XXII of 1950
۵. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 15 کی تبدیلی
Substitution of section 15 of Act XXII of 1950
۶. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 16 کی تبدیلی
Substitution of section 16 of Act XXII of 1950
۷. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 17-A کی تبدیلی
Substitution of section 17-A of Act XXII of 1950
۸. ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 22 کی شق (iii) کی تبدیلی
Substitution of clause (iii) of section 22 of Act XXII of 1950

سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ 2009
SINDH ACT NO. X OF 2009
شوگر فیکٹریز کنٹرول (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۹
THE SUGAR FACTORIES CONTROL (SINDH AMENDMENT) ACT, 2009

[۸ دسمبر ۲۰۰۹]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے شوگر فیکٹریز کنٹرول ایکٹ، ۱۹۵۰ میں ترمیم کر کے سندھ میں نافذ کیا جائے گا؛

جیسا کہ شوگر فیکٹریز کنٹرول ایکٹ، ۱۹۵۰، میں ترمیم کر کے سندھ میں نافذ کرنا مقصود ہے جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

جس کومندرجہ ذیل طریقے سے بنا کر نافذ کیا جاتا ہے:-

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو شوگر فیکٹریز کنٹرول (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۹ کہا جائے گا۔

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعات 3 اور 4 کی تبدیلی
Substitution of sections 3 and 4 of Act XXII of 1950

۲. سندھ میں نافذ ہونے والے شوگر فیکٹری کنٹرول ایکٹ، ۱۹۵۰ جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ ہی کہا جائے گا، اس کی دفعات ۳ اور ۴ کا مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"3 __بورڈ کا قیام:-__ (1) حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے ایک بورڈ قائم کرے گی جو مشتمل ہوگا:-

i. حکومت سندھ کے ایگریکلچر ڈپارٹمنٹ کا وزیر چیئرمین

ii. اسپیکر کی طرف سے صوبائی سندھ اسمبلی کے دو نامزد میمبر میمبرز

iii.	حکومت سندھ کے ایگریکلچر ڈپارٹمنٹ کا سیکریٹری	میمبر/بورڈ کا سیکرٹری
iv.	کین کمشنر	میمبر
v.	پاکستان شوگر ملز ایسوسئیشن سندھ زون کا نمائندہ	میمبر
vi.	سندھ آبادگار بورڈ کا نمائندہ	میمبر
vii.	سندھ چیمبر آف ایگریکلچر کا نمائندہ	میمبر
viii.	شوگر کین گروورز ایسوئیشن کا نمائندہ	میمبر
ix.	حکومت کی طرف سے سرکاری اور غیر سرکاری میمبران	میمبر

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعات 6-A کی تبدیلی
Substitution of section 6-A of Act XXII of 1950

(۲) غیر سرکاری میمبر حکومت کی خوش نودی تک میمبر رہے گا۔

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 14-A کی تبدیلی
Substitution of section 14-A of Act XXII of 1950

(۳) غیر سرکاری میمبر اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی عریضی لکھ کر اپنے عہدے سے مستعفی ہو سکتا ہے۔

(۴) بورڈ کے اجلاس تب منعقد کروائے جائیں گے جب چیئرپرسن طلب کرے گا۔

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 15 کی تبدیلی
Substitution of section 15 of Act XXII of 1950

۳. اس ایکٹ کی دفعہ 6-A کے لئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:-

”6-A ایڈیشنل کین کمشنر کی تقرری:-
حکومت بذریعہ نوٹی فکیشن ۱۹ گریڈ کا اس سے اوپر والے گریڈ کے آفیسر کا بطور ایڈیشنل کین کمشنر تقرر کرے گی جو کین کمشنر کی ہدایات اور ضابطے کے مطابق اختیارات کا استعمال کرے گا اور ایسے فرائض سرانجام دے گا جس کا ذکر نوٹی فکیشن میں کیا گیا ہو“

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 16 کی تبدیلی
Substitution of section 16 of Act XXII of 1950

۴. اس ایکٹ کی دفعہ 14-A کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل سمجھا جائے گا۔

”14-A کے گنے کی کچھ اقسام کی کاشت پر پابندی:- کین کمشنر یا بورڈ کی تحریری مشاورت یا

تجویز پر کسی بھی علاقے میں گنے کی کسی بھی قسم کی کاشت پر پابندی لگا سکتا ہے جس کو دفعہ ۱۸ کے تحت غیر موزوں قرار دیا گیا ہو۔"

۵. اس ایکٹ کے دفعہ ۱۵ کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل سمجھا جائے گا:-

"(1) ۱۵ گنے کی خرید و فروخت:- ماسوائے گنہ کاشت کرنے والے کے کوئی اور فیکٹری کے مالک کو گنہ بیچ نہیں سکتا۔

(۲) کوئی فیکٹری مالک کسی تیسری شخص کے ذریعے گنے کی خرید و فروخت نہیں کرے گا ساری خریداری گنا اگانے والے سے براہ راست کی جائے گی۔"

۶. اس ایکٹ کے، دفعہ ۱۶ کے لئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:-

"۱۶ کم ترین قیمت کا تعین:- (1)حکومت بورڈ کی سفارشات یا اپنی مرضی سے بذریعہ نوٹی فکیشن، مندرجہ ذیل کم قیمت کا تعین کریگی۔

(a) گنے کی پیداوار پر آنے والی لاگت ؛اور

(b) متبادل فصلوں پر کاشتکار کو ملنے والا منافع اور زرعی اجناس کی قیمتوں کا عام رجحان۔

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 17-A کی تبدیلی
Substitution of section 17-A of Act XXII of 1950

(۲) ذیلی شق (1) کے تحت تعین کردہ قیمتوں پر وقتاً فوقتاً نظرثانی کی جائے گی۔

(۳) فیکٹری کا مالک، کریشنگ سیزن کے اختتام پر کوالٹی پریمیئم دے گا جس کے نرخ حکومت متعین کرے گی اور وہ اس فیکٹری سے ملنے والی چینی کے تناسب میں ہوگی اور وہ چینی کی بنیادی سطح کے مطابق ہوگی یعنی کہ 8.7 فی ایک سو کلو گرام ہوگی۔

ایکٹ XXII مجریہ 1950 کی دفعہ 22 کی شق (iii) کی تبدیلی
Substitution of clause (iii) of section 22 of Act XXII of 1950

(۴) گنے کی قیمت کی کاشتکار کو ادائیگی، پیز اکائونٹ چیک کے ذریعے کی جائے گی۔

(۵)ذیلی دفعہ (4) کے تحت گنے کی سپلائی کے ۱۵ دن کے اندر ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں،

حکومت کی جانب سے بذریعہ نوٹی فکیشن نرخ پر لگائے گئے مارک اپ لگائے گی اور وہ گنا اکانے والے کو پرنسپال اماؤنٹ کے ساتھ اضافی طور پر ادا کرنی ہوگی۔

(۶) فیکٹری مالک کوئی کٹوتی نہیں کرے گا ماسوائے ذیلی دفعہ (4) کے تحت بتائی گئی ہو۔

(۷) کوئی فیکٹری مالک، کین کمشنر کی منظوری کے بنا گنے کی غیر موزوں، نامکمل ورائٹی یا کسی اور سبب کی بنا پر گنے کے مجموعی وزن میں سے کٹوتی نہیں کرے گا۔

۷. اس ایکٹ کی دفعہ 17-A کے لئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:-

<u>17-A” بنیادی نمونے کی تنصیب:-</u> ہر فیکٹری مالک مروجہ ہدایات کے مطابق اسپفکیشن کا کور سیمپلر انسٹال کرے گا۔

۸. اس ایکٹ کی دفعہ ۲۲، کے شق (iii) کے لئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:-

” (iii) کوئی کورٹ جو اسسٹنٹ سیشنس جج کے کم درجہ رکھنے والا جج کی ہو، وہ اس ایکٹ کے یا اس حوالے سے بنائے گئے قوانین کے تحت کسی جرم پر کاروائی نہیں کر سکتی۔“

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔